روزنامہ

الفضل

C.P.L 29-FD ٹیلی فون نمبر 047-6213029

ایڈیٹر: عبدالسمیع خان

Web: http://www.alfazl.org
Email: editor@alfazl.org

جمعرات 24/اگست 2006ء 28 رجب 1427 ہجری 24 ظہور 1385 ہش جلد 56-91 نمبر 189

غضب الٰہی کے مورد

آنحضرت ﷺ ایک دفعہ خانہ کعبہ کے قریب نماز پڑھ رہے تھے کہ بعض مخالفین نے اونٹ کی اوجھڑی لاکر حالت سجدہ میں آپ پر ڈال دی۔ نماز کے بعد رسول اللہؐ نے ان کے نام لے کر بددعا کی اور یہ سارے لوگ جنگ بدر میں قتل کئے گئے اور ان کی لاشیں گرمی کی وجہ سے متعفن ہوگئی تھیں۔ ان میں ابوجہل، عتبہ، شیبہ، امیہ اور عقبہ شامل تھے۔

(صحیح بخاری کتاب الجھاد باب الدعاء علی المشرکین حدیث نمبر 2717 و کتاب المغازی باب دعاء النبی علی کفار حدیث نمبر 3665)

ارشادات عالیہ حضرت بانی سلسلہ احمدیہ

یاد رکھنا چاہئے کہ خداتعالیٰ اپنی طرف سے بندہ پر کوئی مصیبت نہیں ڈالتا۔ بلکہ وہ انسان کے اپنے ہی برے کام اس کے آگے رکھ دیتا ہے۔

پھر اسی اپنی سنت کے اظہار میں خدائے تعالےٰ ایک اور جگہ فرماتا ہے:۔............

یعنی اے بدکارو! گمراہو! سہ گوشہ سایہ کی طرف چلو جس کی تین شاخیں ہیں۔ جو سایہ کا کام نہیں دے سکتیں اور نہ گرمی سے بچا سکتی ہیں۔ اس آیت میں تین شاخوں سے مراد قوت سبعی اور بہیمی اور وہمی ہے۔ جو لوگ ان تینوں قوتوں کو اخلاقی رنگ میں نہیں لاتے اور ان کی تعدیل نہیں کرتے۔ ان کی یہ قوتیں قیامت میں اس طرح پر نمودار کی جائیں گی کہ گویا تین شاخیں بغیر پتوں کے کھڑی ہیں اور گرمی سے بچا نہیں سکتیں۔ اور وہ گرمی سے جلیں گے۔ پھر ایسا ہی خدائے تعالےٰ اپنی اسی سنت کے اظہار کے لئے بہشتیوں کے حق میں فرماتا ہے:۔............

یعنی اس روز تو دیکھے گا کہ مومنوں کا یہ نور جو دنیا میں پوشیدہ طور پر ہے۔ ظاہر ظاہر ان کے آگے اور ان کی داہنی طرف دوڑتا ہوگا۔

اور پھر ایک اور آیت میں فرماتا ہے:۔............

یعنی اس دن بعض منہ سیاہ ہو جائیں گے اور بعض سفید اور نورانی ہو جائیں گے اور پھر ایک اور آیت میں فرماتا ہے:۔............

یعنی وہ بہشت جو پرہیزگاروں کو دیا جائے گا۔ اس کی مثال یہ ہے کہ جیسے ایک باغ ہے۔ اس میں اس پانی کی نہریں ہیں جو کبھی متعفن نہیں ہوتا اور نیز اس میں اس دودھ کی نہریں ہیں جس کا کبھی مزہ نہیں بدلتا۔ نیز اس میں شراب کی نہریں ہیں جو سراسر سرور بخش ہیں جس کے ساتھ خمار نہیں۔ نیز اس میں اس شہد کی نہریں ہیں جو نہایت صاف ہے جس کے ساتھ کوئی کثافت نہیں۔ اس جگہ صاف طور پر فرمایا کہ اس بہشت کو مثالی طور پر یوں سمجھ لو۔ کہ ان تمام چیزوں کی اس میں ناپیدا کنار نہریں ہیں۔ وہ زندگی کا پانی جو عارف دنیا میں روحانی طور پر پیتا ہے۔ اس میں ظاہری طور پر موجود ہے۔ اور وہ روحانی دودھ جس سے وہ شیرخوار بچہ کی طرح روحانی طور پر دنیا میں پرورش پاتا ہے۔ بہشت میں ظاہر ظاہر دکھائی دے گا۔ اور وہ خدا کی محبت کی شراب جس سے وہ دنیا میں روحانی طور پر ہمیشہ مست رہتا تھا۔ اور اب بہشت میں ظاہر ظاہر اس کی نہریں نظر آئیں گی۔ اور وہ حلاوت ایمانی کا شہد جو دنیا میں روحانی طور پر عارف کے منہ میں جاتا تھا وہ بہشت میں محسوس اور نمایاں نہروں کی طرح دکھائی دے گا اور ہر ایک بہشتی اپنی نہروں اور اپنے باغوں کے ساتھ اپنی روحانی حالت کا اندازہ برہنہ کرکے دکھلا دے گا اور خدا بھی اس دن بہشتیوں کے لئے حجابوں سے باہر آجائے گا۔ غرض روحانی حالتیں مخفی نہیں رہیں گی بلکہ جسمانی طور پر نظر آئیں گی۔

(اسلامی اصول کی فلاسفی۔ روحانی خزائن جلد 10ص 410)

مستحق طلبہ کی امداد

جماعت میں بہت سے ایسے افراد جو غربت کی وجہ سے اپنے بچوں کی پڑھائی کے اخراجات نہ اٹھا سکتے ہیں ایسے مستحق اور غریب طلباء کیلئے صدر انجمن احمدیہ میں ایک شعبہ ''امداد طلبہ'' کے نام سے قائم ہے۔

یہ شعبہ مخیر احباب کی طرف سے ملنے والے عطیات اور مالی معاونت سے ہی چل رہا ہے۔ اس شعبہ کے تحت سینکڑوں طلباء وطالبات اپنی تعلیم جاری رکھے ہوئے ہیں۔ یہ رقوم درج ذیل صورتوں میں خرچ کی جاتی ہیں۔

1۔ سالانہ داخلہ جات 2۔ ماہوار ٹیوشن فیس 3۔ درسی کتب کی فراہمی 4۔ فوٹو کاپی مقالہ جات کیلئے رقوم 5۔ دیگر تعلیمی ضروریات

پاکستان میں فی طالب علم اوسطاً سالانہ اخراجات اس طرح سے ہیں۔

1۔ پرائمری رسیکنڈری 6 تا 8 ہزار روپے سالانہ۔
2۔ کالج لیول 12 تا 15 ہزار روپے سالانہ۔
3۔ بی ایس سی، ایم ایس سی ودیگر پروفیشنل ادارہ جات ایک لاکھ روپے تک۔

سینکڑوں طلباء جن کو اس شعبہ کے تحت امداد فراہم کی جاتی ہے لیکن اس وقت اس شعبہ پر بے انتہا مالی بوجھ ہے۔ جس کیلئے عطیات کی فوری ضرورت ہے۔

آپ سے درخواست ہے کہ اس کار خیر میں بڑھ چڑھ کر حصہ لیں اور اپنے حلقہ احباب میں بھی موثر رنگ میں تحریک فرماویں کہ اس شعبہ کے لئے دل کھول کر حصہ ڈالیں۔ اللہ تعالیٰ آپ کے خلوص میں بے انتہا برکت ڈالے۔ آمین

یہ عطیہ جات براہ راست نگران امداد طلباء نظارت تعلیم یا خزانہ صدر انجمن احمدیہ کی مد ,,امداد طلباء،، میں بھجوائے جاسکتے ہیں۔ (نگران امداد طلباء نظارت تعلیم)

نماز جنازہ

مکرم عبدالحلیم احمد صاحب مربی سلسلہ تحریر کرتے ہیں کہ مکرم عبدالماجد طاہر صاحب ایڈیشنل وکیل التبشیر لندن کے والد محترم عبدالستار صاحب مورخہ 22۔ اگست کو لاہور میں بقضائے الٰہی وفات پا گئے۔ جماعت احمدیہ وحدت کالونی نے اسی روز عصر کی نماز کے بعد بیت التوحید میں ان کی نماز جنازہ ادا کی۔ بعد ازاں ان کا جسد خاکی ربوہ لایا جاچکا ہے۔ مورخہ 24۔ اگست صبح ساڑھے نو بجے احاطہ دفاتر صدر انجمن احمدیہ میں ان کی نماز جنازہ ادا کی جائے گی۔

مکرم حمید اللہ ظفر صاحب

فرینکفورٹ جرمنی میں
اولڈ بوائز ٹی آئی کالج ربوہ کی ایک یادگار تقریب

12 جون 2006ء کی شام فرینکفورٹ شہر کے ایک خوبصورت ہال میں اولڈ بوائز تعلیم الاسلام کالج ربوہ کی ایک تقریب منعقد ہوئی جس میں از راہ شفقت حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ نے شرکت فرمائی اور اپنی قیمتی نصائح سے نوازا۔ ایک سال قبل حضور انور کی منظوری سے اولڈ بوائز ایسوسی ایشن کا قیام عمل میں آیا تھا۔ ایک ایگزیکٹو کمیٹی قائم کی گئی جس کے صدر مکرم پروفیسر حمید احمد خان صاحب منتخب ہوئے پچھلے سال ایک اجلاس اسی ہال میں منعقد ہوا تھا۔ امسال بھی ایک اجلاس رکھا گیا جس میں بہت سے طلبا نے شرکت کی اور پرانی یادوں کو تازہ کیا۔ حضور انور کو اس اجلاس میں شرکت کی دعوت دی گئی تھی جسے حضور انور نے از راہ شفقت قبول فرمایا۔ آپ ایک گھنٹے کے لئے تشریف لائے آپ کے کرسی صدارت پر رونق افروز ہونے کے بعد پروگرام تلاوت قرآن کریم سے شروع ہوا جو مکرم عثمان ابراہیم صاحب نے کی بعد ازاں مکرم اسحاق اطہر خان صاحب نے کالج کی یاد میں ایک دلچسپ نظم پڑھی۔ صدر ایسوسی ایشن پروفیسر حمید احمد خان صاحب نے ویب سائیٹ کا تعارف پیش کیا۔ مکرم عرفان احمد خان صاحب نے اس اجلاس کی غرض و غایت بیان کی اور پرانی یادوں کی ایک مختصر جھلک پیش کی اور کالج کی تاریخ کے بعض اہم واقعات بیان کئے کالج کب اور کن کن بلڈنگز میں قائم رہا کون سی اہم شخصیات کو پرنسپل ہونے کا شرف حاصل ہوا۔ مشفق اساتذہ کرام کا ذکر خیر ہوا پچھلے سال بھی مکرم چوہدری حمید اللہ صاحب وکیل اعلیٰ تحریک جدید تشریف لائے اسی طرح مکرم مجیب الرحمان صاحب ایڈووکیٹ اور مکرم عبدالسمیع صاحب نون اور مکرم نصیر احمد ایڈووکیٹ جو کالج کے اولڈ طالب علم ہیں یہاں شامل ہوئے تھے کل 60 پرانے طالب علم اس مجلس میں شامل ہوئے تھے۔ 9 رکنی کمیٹی کا قیام عمل میں آیا تھا۔ جنہوں نے آئین بنایا ویب سائیٹ کھولی اس کمیٹی کے آٹھ اجلاس ہوئے۔ اب ہر سال اجلاس ہوا کرے گا۔ اپنے بعض احباب کا ذکر کیا جو کالج کی تقریبات میں آتے رہے ان میں دانشور صحافی شاعر ادیب اور تعلیم سے منسلک اہم شخصیات ہائی کورٹ کے جج اور سپریم کورٹ کے جج بھی شامل ہیں ٹی آئی کالج کو یہ اعزاز بھی حاصل ہے کہ ملک کے کونے کونے سے بلاتمیز مذہب طالب علم پڑھنے کے لئے آتے تھے اسی طرح ایسے طالب علم جو کالج خرچ بھی برداشت نہیں کر سکتے تھے ان کی مدد کی گئی۔

حضور انور کا خطاب

حضور انور نے تقریباً بارہ منٹ خطاب کیا۔ حضور انور نے تشہد، تعوذ کے بعد فرمایا کالج کی اولڈ بوائے ایسوسی ایشن کے آج کے اجتماع میں ویب سائٹ کے ذریعہ پرانی یادوں کا تذکرہ ہوا ہے۔ عرفان صاحب نے بھی بعض تاریخی یادوں کا ذکر کیا ہے۔ فرمایا کہ حضرت مسیح موعود نے جب سکول کی بنیاد رکھی تو نظریہ یہ تھا کہ اہل حق کو جو تعلیم سے محروم کیا جاتا ہے اور سیکولر تعلیم کی مخالفت ہو رہی تھی ان احساسات کو بدلا جائے۔ حضرت مصلح موعود جب سکول پڑھتے تھے تو قادیان میں سکول بھی نہ تھا۔ آپ ساتھ کے گاؤں میں پڑھنے کے لئے جاتے اور کھانا ساتھ لے کر جاتے۔ ایک دفعہ کلیجی کا سالن ساتھ لے کر گئے اور جب کھانے لگے تو ساتھ بیٹھے ایک طالب علم نے جو ہندوؤں کے زیر اثر تھا کہہ دیا کہ ایہہ ماس کھاندے نے۔ حضرت مسیح موعود کی خدمت میں جب یہ بات پیش کی گئی تو آپ نے فرمایا یہ صرف ماس کھانے کا سوال نہیں۔ یہ دینی روایات کا سوال ہے۔ چنانچہ آپ نے قادیان میں سکول کا اجراء کیا تا کہ بہتر رنگ میں دینی تعلیمات کو سامنے رکھ کر تعلیم حاصل کی جا سکے۔ دینی تعلیمات کو دنیوی تعلیم کے ساتھ پڑھا جائے اور لوگوں کو یہ بتایا جائے کہ سائنس اور مذہب ایک ہی ہیں۔ فرمایا کہ اس زمانے میں پروفیسر ڈاکٹر عبدالسلام کو بھی دیکھا ہے وہ بھی یہی بات کہتے رہے ہیں۔

حضور انور نے فرمایا کہ 1908ء میں پروفیسر کلیمنٹ قادیان آئے تو انہوں نے سائنس اور مذہب کے رشتے پر حضرت اقدس مسیح موعود سے سوال کیا۔ جس پر انہیں یہ جواب ملا کہ مذہب ہر علم کو Cover کرتا ہے اور سائنس بھی مذہب کا حصہ ہے۔ بعد میں یہ احمدی بھی ہو گئے۔ فرمایا میں جب نیوزی لینڈ گیا تھا تو ان کی قبر پر دعا کی تھی۔ سمندری طوفانوں کے جو قطرینہ وغیرہ نام آجکل چل رہے ہیں یہ انہوں نے ہی رکھے تھے۔

حضور انور نے ایسوسی ایشن کے ممبران کو مخاطب کرتے ہوئے فرمایا کہ احمدی سٹوڈنٹس ایسوسی ایشن کو یاد رکھنا چاہئے کہ احمدیت کی تعلیم کو پہلے نمبر پر رکھنا ہے۔ نظام جماعت پر مکمل طور پر چلنا ہے۔ حضور انور نے فرمایا کہ ایسوسی ایشن کے مقاصد میں سے ایک تو یہ ہوگا کہ مستحق طلباء کے لئے ایک فنڈ Raise کیا جائے۔ جیسا کہ بیان کیا گیا ہے لیکن اس کے علاوہ اپنے بچوں کو پرانی یادیں بھی بتاتے رہا کریں اور ان مقاصد کی یاد دہانی ان کو کراتے رہا کریں۔ ان میں نظام جماعت کی روح قائم کریں۔ حضور انور نے فرمایا کہ ابھی جو حضرت خلیفۃ المسیح الثالث کے اعتماد کا ذکر ہوا کہ آپ گھبرایا نہیں کرتے تھے۔ اس وقت یہ حالات تھے کہ اگر کوئی لڑکا محلے میں بھی غلطی کرتا تو طلباء کے سامنے معافی منگوائی جاتی اور سب ان باتوں کو خوشی سے قبول کرتے تھے۔ فرمایا ہمارا مقصد یہ ہے کہ اللہ تعالیٰ کی تعلیم پر عمل ہو۔ اللہ سب کو اس کی توفیق عطا فرمائے۔ آمین

(روزنامہ الفضل 29 جون 2006ء)

اس کے بعد پر تکلف کھانا پیش کیا گیا۔ کھانے کے بعد حضور انور نے از راہ شفقت تمام اولڈ بوائز ایسوسی ایشن کے ساتھ فوٹو بنانے کی اجازت مرحمت فرمائی۔ ایگزیکٹو باڈی نے بھی حضور انور کے ساتھ فوٹو بنوائے۔ اس کے بعد حضور انور بیت السبوح تشریف لے گئے۔ اور یہ تقریب اپنے اختتام کو پہنچی۔

اطلاعات واعلانات

نوٹ: اعلانات صدر / امیر صاحب حلقہ کی تصدیق کے ساتھ آنا ضروری ہیں۔

رپورٹ فری کوچنگ کلاس

مجلس خدام الاحمدیہ مقامی ربوہ

۞ محض خدا تعالیٰ کے فضل واحسان سے مجلس خدام الاحمدیہ مقامی ربوہ کو چھ ہفتے پر مشتمل فری کوچنگ کلاس ششم تا دہم 17 جون تا 27 جولائی 2006ء منعقد کروانے کی توفیق ملی۔ کلاس کا انعقاد نصرت جہاں اکیڈمی انگلش میڈیم بوائز سیکشن میں ہوا۔ کلاس کا افتتاح مورخہ 17 جون کو ہوا جس میں مکرم مہتمم صاحب مقامی تشریف لائے۔ اس کلاس سے 400 طلباء مستفیض ہوئے اور 25 اساتذہ کو پڑھانے کی توفیق ملی۔ الحمدللہ تمام اساتذہ نے بھرپور رنگ میں طلباء کو محنت کروائی۔ دوران کلاس طلباء کی گیمز بھی کروائی گئیں۔ کلاس کے اختتام پر پڑھائے گئے سلیبس میں سے طلباء کا امتحان لیا گیا اور اس کا نتیجہ گھروں میں والدین کو بھجوایا گیا۔ پوزیشنز حاصل کرنے والے طلباء کو انعامات دیئے گئے۔ مزید برآں ہر کلاس میں سے 10 طلباء ایسے منتخب کئے گئے جو تعلیمی قابلیت، ڈسپلن اور حاضری کے لحاظ سے بہترین تھے۔ اس طرح کل 50 طلباء پر مشتمل ٹرپ سوز و واٹر پارک لاہور لے جایا گیا جس کا تمام خرچ مجلس خدام الاحمدیہ مقامی ربوہ نے برداشت کیا۔ اس کلاس کی اختتامی تقریب مورخہ 27 جولائی کو نصرت جہاں اکیڈمی کے ہال میں منعقد ہوئی جس کے مہمان خصوصی مکرم سید طاہر احمد صاحب ناظر تعلیم تھے انہوں نے پوزیشنز حاصل کرنے والے اطفال میں انعامات تقسیم کئے اور طلباء کو قیمتی نصائح سے نوازا۔

(عمر فاروق۔ نگران فری کوچنگ کلاس)

نکاح

۞ اللہ تعالیٰ کے فضل سے مکرم طاہر احمد ظفر صاحب ابن مکرم منیر احمد ظفر صاحب لندن کا نکاح محترمہ بشریٰ ثمن صاحبہ بنت مکرم شاہد احمد خورشید صاحب وان کے ساتھ بعوض دس ہزار پاؤنڈ حق مہر طے پایا ہے۔ اس نکاح کا اعلان مورخہ 19 مئی 2006ء کو نماز جمعہ کے بعد بیت الذکر ٹورانٹو میں مکرم مولانا مبارک احمد نذیر صاحب پرنسپل جامعہ احمدیہ کینیڈا نے فرمایا۔ مکرم طاہر احمد ظفر صاحب، مکرم شیخ خورشید احمد صاحب، سابق اسسٹنٹ ایڈیٹر روزنامہ الفضل کے بھتیجے اور مکرم بابو سلامت علی صاحب مرحوم بھاٹی گیٹ لاہور کے پوتے ہیں جبکہ محترمہ بشریٰ ثمن صاحبہ مکرم شیخ صاحب موصوف کی پوتی اور مکرم ملک سعید احمد صاحب مرحوم سابق امیر جماعت احمدیہ واہ کینٹ کی نواسی ہیں۔ احباب دعا کریں کہ اللہ تعالیٰ مذکورہ بالا رشتوں کو ان کے خاندان کیلئے ہر لحاظ سے بابرکت کرے اور انہیں خوشیوں و مسرتوں سے مالا مال زندگی عطا کرے۔ آمین

اعلان داخلہ

۞ یونیورسٹی آف دی پنجاب ہیلے کالج آف بینکنگ اینڈ فنانس لاہور نے دوسالہ ایم بی اے درج ذیل فیلڈز میں آفر کیا ہے۔ (i) بینکنگ اینڈ فنانس (ii) انشورنس اینڈ رسک مینجمنٹ۔ اس پروگرام کیلئے انٹری ٹیسٹ فارم جمع کروانے کی آخری تاریخ 31۔ اگست 2006ء ہے جبکہ انٹری ٹیسٹ 3 ستمبر 2006ء کو ہوگا۔ مزید معلومات کیلئے ویب سائٹ ملاحظہ کریں۔

www.puhcbf.edu.pk

۞ ایف سی کالج لاہور نے درج ذیل ماسٹرز ڈگری پروگرامز میں داخلے کا اعلان کیا ہے۔ اردو، انگلش اکنامکس، پولیٹیکل سائنس، میتھ میٹکس، بیالوجیکل سائنسز، داخلے کا آغاز 28۔ اگست 2006ء سے ہوگا۔ مزید معلومات کیلئے ادارہ سے رابطہ کریں۔

(نظارت تعلیم)

پبلشر آغا سیف اللہ، پرنٹر سلطان احمد ڈوگر مطبع ضیاء الاسلام پریس مقام اشاعت دارالنصر غربی چناب نگر (ربوہ) قیمت -/4 روپے

حضرت مصلح موعود کی روایات کی روشنی میں

سیرت حضرت مسیح موعود کے بعض درخشندہ گوشے

مرسلہ: حبیب الرحمٰن زیروی صاحب

عفو اور درگزر

ایک دفعہ آپ کے کچھ مخالف پکڑے گئے تو مجسٹریٹ نے کہا کہ میں اس شرط پر مقدمہ چلاؤں گا کہ مرزا صاحب کی طرف سے سفارش نہ آئے کیونکہ اگر انہوں نے بعد میں معاف کر دیا تو پھر مجھے خواہ مخواہ ان کو گرفتار کرنے کی کیا ضرورت ہے۔ مگر دوسرے دوستوں نے کہا کہ نہیں اب انہیں سزا ضرور ہی ملنی چاہئے۔ جب مجرموں نے سمجھ لیا کہ اب سزا ضرور ملے گی تو انہوں نے حضرت صاحب کے پاس آ کر معافی چاہی تو حضرت صاحب نے کام کرنے والوں کو بلا کر فرمایا کہ ان کو معاف کر دو۔ انہوں نے کہا ہم تو اب وعدہ کر چکے ہیں کہ ہم کسی قسم کی سفارش نہیں کریں گے تو حضرت اقدس فرمانے لگے کہ وہ جو معافی کے لئے کہتے ہیں تو ہم کیا کریں۔ مجسٹریٹ نے کہا دیکھا وہی بات ہوئی جو میں پہلے کہتا تھا مرزا صاحب نے معاف ہی کر دیا۔ (خطبات محمود جلد 10 صفحہ 277)

مخالفین کی ایذا رسانی

میں ان لوگوں میں سے ہوں جو نہایت ٹھنڈے دل کے ساتھ دشمن کا مقابلہ کیا کرتے ہیں۔ میں نے اپنے کانوں سے مخالفین کی گالیاں سنیں اور اپنے سامنے بیٹھا کر سنیں مگر باوجود اس کے تہذیب اور متانت کے ساتھ ایسے لوگوں سے باتیں کرتا رہا۔ میں نے پتھر بھی کھائے اس وقت بھی جب حضرت مسیح موعود پر امرتسر میں پتھر پھینکے گئے اس وقت میں بچہ تھا مگر اس وقت بھی خدا تعالیٰ نے مجھے حصہ دے دیا۔ لوگ بڑی کثرت سے اس گاڑی پر پتھر مار رہے تھے جس میں حضرت مسیح موعود بیٹھے تھے۔ میری اس وقت چودہ پندرہ سال کی عمر ہوگی گاڑی کی ایک کھڑکی کھلی تھی میں نے وہ کھڑکی بند کرنے کی کوشش کی لیکن لوگ اس زور سے پتھر مار رہے تھے کہ کھڑکی میرے ہاتھ سے چھوٹ گئی اور پتھر میرے ہاتھ پر لگے۔ پھر جب سیالکوٹ میں حضرت مسیح موعود پر پتھر پھینکے گئے' اس وقت بھی مجھے لگے۔ پھر جب تھوڑا عرصہ ہوا میں سیالکوٹ گیا تو باوجود اس کے کہ جماعت کے لوگوں نے میرے ارد گرد حلقہ بنا لیا تھا' مجھے چار پتھر لگے۔

(انوار العلوم جلد 17 صفحہ 508)

مخالفین کو اپنے مذہب کی خوبیاں بیان کرنے کی دعوت

حضرت مسیح موعود نے اپنے مخالفین کو تحریک کی کہ ایسے جلسے منعقد کئے جائیں جن میں ہر شخص اپنے مذہب کی خوبیاں بیان کرے۔ آپ نے یہ نہیں کیا کہ چونکہ میں خدا تعالیٰ کی طرف سے مامور ہوں اس لئے باقی سب لوگ اپنے اپنے مذہب کی تبلیغ بند کر دیں لیکن اگر آپ کانگرس کی پالیسی اختیار کرتے تو کہتے میں خدا تعالیٰ کی طرف سے آیا ہوں تم سب گونگے ہو جاؤ مگر نہیں آپ نے ایسا نہیں کیا کیونکہ آپ جانتے تھے کہ باقی لوگوں کو بھی تبلیغ کا ویسا ہی حق ہے جیسا مجھے اس لئے آپ نے فرمایا کہ تم اپنی بات پیش کرو میں اپنی بات پیش کرتا ہوں اور جب تک یہ طریق پیش نہ کیا جائے امن کبھی نہیں ہو سکتا اور حق نہیں پھیل سکتا۔ دنیا میں کون ہے جو اپنے آپ کو حق پر نہیں سمجھتا لیکن جب خیالات میں اختلاف ہو تو ضروری ہے کہ اسے ظاہر کرنے کا موقع دیا جائے۔

(خطبات محمود جلد 12 صفحہ 418)

ملکہ کو دعوت حق

پہلے زمانوں میں کیا مجال تھی کہ کوئی بادشاہ کو تبلیغ تو کر سکے۔ یہ بہت بڑی گستاخی اور بے ادبی سمجھی جاتی تھی لیکن حضرت مسیح موعود نے ملکہ معظّمہ قیصرہ ہند کو ایک خط لکھا جس میں اسے......کی طرف بلایا اور کہا کہ اگر اسے قبول کر لو گی تو آپ کا بھلا ہوگا۔ یہ سن کر بجائے اس کے کہ ان کی طرف سے کسی قسم کی ناراضگی کا اظہار کیا جاتا اس چٹھی کے متعلق اس طرح شکریہ ادا کیا گیا کہ ہم کو آپ کی چٹھی مل گئی جسے پڑھ کر خوشی ہوئی۔

(الفضل 19/اگست 1916ء)

احمدیت کی برکات

مجھے اپنے بچپن کے زمانہ میں ضلع گجرات کے لوگوں کا یہاں آنا یاد ہے۔ اس وقت سیالکوٹ اور گجرات سلسلہ کے مرکز سمجھے جاتے تھے۔ گورداسپور بہت پیچھے تھا کیونکہ قاعدہ ہے کہ نبی کی اپنے وطن میں زیادہ قدر نہیں ہوتی۔ اس زمانہ میں سیالکوٹ اول نمبر پر تھا اور گجرات دوسرے نمبر پر۔ مجھے گجرات کے بہت سے آدمیوں کی شکلیں اب تک یاد ہیں۔ مجھے یاد ہے کہ بہت سے اخلاص کی وجہ سے کہ تا وہ بھی حضرت مسیح موعود کے اس الہام کو پورا کرنے والے بنیں کہ یَأْتِیْکَ مِنْ کُلِّ فَجٍّ عَمِیْقٍ. نہ اس وجہ سے کہ انہیں مالی تنگی ہوتی' پیدل چل کر قادیان آتے۔ ان میں بڑے بڑے مخلص تھے جو حضرت مسیح موعود کا قرب رکھتے۔ یہ بھی ضلع گجرات کے لوگوں کا ہی واقعہ ہے جو حافظ روشن علی صاحب مرحوم سنایا کرتے تھے اور میں بھی اس کا ذکر کر چکا ہوں کہ جلسہ سالانہ کے ایام میں ایک جماعت ایک طرف سے آ رہی تھی اور دوسری دوسری طرف سے۔ حافظ صاحب کہتے۔ میں نے دیکھا وہ دونوں گروہ ایک دوسرے سے ملے اور رونے لگ گئے۔ میں نے پوچھا۔ تم کیوں روتے ہو؟ وہ کہنے لگے ایک حصہ ہم میں سے وہ ہے جو پہلے ایمان لایا اور اس وجہ سے دوسرے حصہ کی طرف سے اسے اس قدر دکھ دیا گیا اور اتنی تکالیف پہنچائی گئیں کہ آخر وہ گاؤں چھوڑنے پر مجبور ہو گیا پھر ہمیں ان کی کوئی خبر نہ تھی کہ کہاں چلے گئے۔ کچھ عرصہ کے بعد اللہ تعالیٰ نے احمدیت کا نور ہم میں بھی پھیلایا اور ہم جو احمدیوں کو اپنے گھروں سے نکالنے والے تھے خود احمدی ہو گئے۔ ہم یہاں جو پہنچے تو اتفاقاً اللہ تعالیٰ کی حکمت کے ماتحت ہمارے وہ بھائی جنہیں ہم نے اپنے گھروں سے نکالا تھا دوسری طرف سے آ نکلے۔ جب ہم نے ان کو آتے دیکھا تو ہمارے دل اس درد کے جذبہ سے پر ہو گئے کہ یہ لوگ ہمیں ہدایت کی طرف کھینچتے تھے مگر ہم ان سے دشمنی اور عداوت کرتے تھے یہاں تک کہ ہم نے ان کو گھروں سے نکلنے پر مجبور کر دیا آج خدا نے اپنے فضل سے ہم سب کو اکٹھا کر دیا۔

(انوار العلوم جلد 13 صفحہ 86)

درود کی فضیلت

حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ آنحضرت ﷺ پر درود بھیجنا اس سے بھی کہیں بڑھ کر گناہوں کو نابود کرتا ہے۔ جتنا کہ ٹھنڈا پانی پیاس کو اور آپ پر سلام بھیجنا گردنوں کو آزاد کرنے سے بھی زیادہ فضیلت رکھتا ہے اور آپ کی محبت اللہ تعالیٰ کی راہ میں جان دینے یا جہاد کرنے سے بھی افضل ہے۔

(تفسیر درمنثور جلد 6 ص 654)

یہ مُنہ جھوٹوں کا نہیں ہو سکتا

جب شہدائے افغانستان پر پتھر پڑتے تھے تو وہ گھبراتے نہیں تھے بلکہ استقامت اور دلیری کے ساتھ ان کو قبول کرتے تھے اور جب بہت زیادہ ان پر پتھر پڑے تو صاحبزادہ عبداللطیف صاحب شہید' نعمت اللہ خان صاحب اور دوسرے شہداء نے یہی کہا کہ یا الٰہی! ان لوگوں پر رحم کر اور انہیں ہدایت دے۔ بات یہ ہے کہ جب عشق کا جذبہ انسان کے اندر ہو تو اس کا رنگ ہی بدل جاتا ہے' اس کی بات میں تاثیر پیدا ہو جاتی ہے اور اس کے چہرہ کی نورانی شعاعیں لوگوں کو کھینچ لیتی ہیں۔ مجھے یاد ہے حضرت مسیح موعود کے زمانہ میں یہاں ہزاروں لوگ آئے اور انہوں نے جب حضرت مسیح موعود کو دیکھا تو یہی کہا کہ یہ منہ جھوٹوں کا نہیں ہو سکتا۔ انہوں نے ایک لفظ بھی آپ کے منہ سے نہ سنا اور ایمان لے آئے۔

(انوار العلوم جلد نمبر 13 صفحہ 96)

تین قسم کے لوگ ہماری جماعت میں ہیں

حضرت مسیح موعود فرمایا کرتے تھے۔ تین قسم کے لوگ ہماری جماعت میں ہیں۔ ایک وہ جو مجھے خدا کا مامور اور مرسل سمجھ کر ایمان لائے۔ دوسرے وہ جو اس لئے ایمان لائے کہ یہ ایک منظّم جماعت ہے' وہ صدر انجمن سے تعلق رکھتے ہیں۔ تیسرے وہ جو مولوی نور الدین صاحب سے حسن ظن رکھتے تھے اور ان کی وجہ سے جماعت میں داخل ہو گئے۔ پھر فرمایا نجات وہی پا سکتا ہے جسے ایمان عجائز نصیب ہو۔ سچا سمجھ کر وہ مانتا ہے' پھر خواہ جیئے یا مرے' اس ایمان پر قائم رہتا ہے۔

(انوار العلوم جلد نمبر 13 صفحہ 529)

تعلیم الاسلام ہائی سکول کی بنیاد

یہ (تعلیم الاسلام ہائی سکول) حضرت مسیح موعود نے اس لئے قائم فرمایا تھا کہ ہماری جماعت کے بچے ...... کے اثر سے محفوظ رہیں۔ اس سے پہلے ایک آریہ سکول ہوا کرتا تھا اور ایک پرائمری سکول لوئر پرائمری تک ہوتا تھا جو اب بھی ریتی چھلہ کے قریب

موجود ہے۔

سرکاری سکول لوئر پرائمری تک ہوتا تھا اور آریہ سکول میں اس سے اوپر کچھ جماعتیں ہوتی تھیں اس وجہ سے ...... کے لڑکے اس میں داخل ہونے شروع ہو گئے۔ آریہ مدرس ہمیشہ کچھ نہ کچھ باتیں ...... کے خلاف طلباء کے کانوں میں ڈالتے رہتے تھے اور ان کی اطلاع حضرت مسیح موعود کو پہنچتی رہتی۔ اس سے تحریک ہوئی اور اپنا سکول کھولا گیا چونکہ ان دنوں سکولوں کے جاری ہونے کے لئے زیادہ پابندیاں نہ تھیں اس واسطے جلد ہی یہ سکول جاری ہو گیا۔ اس کی عمارت بھی بہت بعد میں بنی۔ پہلے یہ سکول مدرسہ احمدیہ کی موجودہ عمارت میں ہی ہوتا تھا اور صرف وہاں تک تھا جہاں اب درزی خانہ ہے۔ اس وقت اس کے چار کمرے تھے۔

آریہ سکول میں طلباء پر جو اثر ڈالا جاتا تھا وہ تو بالکل ظاہر تھا کہ وہ خاص طور پر ہندو مذہب کی تبلیغ کرتے تھے لیکن سرکاری پرائمری سکول میں بھی آریہ مدرس ...... پر حملے کرتے رہتے تھے۔ اس پرائمری سکول میں مَیں بھی کچھ عرصہ پڑھا ہوں۔ ان دنوں کا ایک واقعہ مجھے اب بھی خوب یاد ہے کہ ایک دن جب میرا کھانا آیا جس میں کلیجی کا سالن تھا تو اسے دیکھ کر ایک طالب علم نے حیرانی سے اپنی انگلی دانتوں میں دبا لی اور کہا یہ تو ماس ہے اور اس کا کھانا حرام ہے۔ اگرچہ آخر میں وہ شخص احمدی ہؤا اور مخلص احمدی ہؤا مگر اس وقت اس نے بڑی حیرانی کا اظہار کیا۔ بہرحال سرکاری سکول میں بھی اس قسم کا اثر ڈالا جاتا تھا۔

(الفضل 3/اگست 1935ء ص5)

مہمان خانہ

قادیان آنے والوں کی مہمان داری کا بوجھ اٹھانا اور پھر اپنے مظلوم مہاجر بھائیوں کے اخراجات برداشت کرنا ایک حیرت انگیز بات ہے۔ سینکڑوں آدمی دونوں وقت جماعت کے دستر خوان پر کھانا کھاتے تھے اور بعض غرباء کی دوسری ضروریات کا بھی انتظام کرنا پڑتا تھا۔ ہجرت کر کے آنے والوں کی کثرت اور مہمانوں کی زیادتی سے مہمان خانے کے علاوہ ہر ایک گھر مہمان خانہ بنا ہوا تھا۔ حضرت مسیح موعود کے گھر کی ہر ایک کوٹھڑی ایک مستقل مکان تھا جس میں کوئی نہ کوئی مہمان یا مہاجر خاندان رہتا تھا' غرض بوجھ انسانی طاقت برداشت سے بہت بڑھا ہؤا تھا۔ ہر صبح جو چڑھتی اپنے ساتھ تازہ ابتلاء اور تازہ ذمہ داریاں لاتی اور ہر شام جو پڑتی اپنے ساتھ تازہ ابتلاء اور تازہ ذمہ داریاں لاتی مگر ''اَلَیْسَ اللّٰہُ'' کی نسیم سب فکروں کو خس و خاشاک کی طرح اڑا کر پھینک دیتی اور وہ بادل جو ابتداء سلسلہ کی عمارت کی بنیادوں کو اکھاڑ کر پھینک دینے کی دھمکی دیتے تھے تھوڑی ہی دیر میں رحمت اور فضل کے بادل ہو جاتے اور ان کی ایک ایک بوند کے گرتے وقت ''اَلَیْسَ اللّٰہُ'' کی ہمت افزا آواز پیدا ہوتی۔

(دعوت الامیر۔ انوارالعلوم جلد 7 صفحہ 565)

حفاظت الٰہی کا معجزہ

ایک مثال حفاظت الٰہی کی میں حضرت مسیح موعود کی زندگی میں سے پیش کرتا ہوں کنورسین صاحب جو لاء کالج لاہور کے پرنسپل ہیں ان کے والد صاحب سے حضرت صاحب کو بڑا تعلق تھا حتّٰی کہ حضرت مسیح موعود کو کبھی روپیہ کی ضرورت ہوتی تو بعض دفعہ ان سے قرض بھی لے لیا کرتے تھے ان کو بھی حضرت صاحب سے بڑا اخلاص تھا۔ جہلم کے مقدمہ میں انہوں نے اپنے بیٹے کو تار دی تھی کہ حضرت مسیح موعود کے طرف سے وکالت کریں۔ اس اخلاص کی وجہ یہ تھی کہ انہوں نے ایام جوانی میں جب وہ اور حضرت مسیح موعود مع چند اور دوستوں کے سیالکوٹ میں اکٹھے رہتے تھے حضرت مسیح موعود کے کئی نشانات دیکھے تھے چنانچہ ان نشانات میں سے ایک یہ ہے کہ ایک رات آپ دوستوں سمیت سو رہے تھے کہ آپ کی آنکھ کھلی اور دل میں ڈالا گیا کہ مکان خطرہ میں ہے۔ آپ نے سب دوستوں کو جگایا اور کہا کہ مکان خطرہ میں ہے اس میں سے نکل چلنا چاہئے سب دوستوں نے نیند کی وجہ سے پرواہ نہ کی اور یہ کہہ کر سو گئے کہ آپ کو وہم ہو گیا ہے مگر آپ کا احساس برابر ترقی کرتا چلا گیا آخر آپ نے پھر ان کو جگایا اور توجہ دلائی کہ چھت میں سے چرچراہٹ کی آواز آتی ہے مکان خالی کر دینا چاہئے انہوں نے کہا معمولی بات ہے ایسی آواز بعض جگہ لکڑی میں کیڑا لگ جانے سے آیا ہی کرتی ہے۔ آپ ہماری نیند کیوں خراب کرتے ہیں مگر آپ نے اصرار کیا کہ اچھا آپ لوگ میری بات مان کر ہی نکل چلیں آخر مجبور ہو کر وہ لوگ نکلنے پر رضامند ہوئے۔ حضرت صاحب کو چونکہ یقین تھا کہ خدا میری حفاظت کے لئے مکان گرنے کو روکے ہوئے ہے اس لئے آپ نے انہیں کہا کہ پہلے آپ نکلو پیچھے میں نکلوں گا۔ جب وہ نکل گئے اور بعد میں حضرت صاحب نکلے تو آپ نے ابھی ایک ہی قدم سیڑھی پر رکھا تھا کہ چھت گر گئی۔ دیکھو آپ انجینئر نہ تھے کہ چھت کی حالت کو دیکھ کر سمجھ لیا ہو کہ گرنے والی ہے نہ چھت کی حالت اس قسم کی تھی نہ آواز ایسی تھی کہ ہر اک شخص اندازہ لگا سکے کہ یہ گرنے کو تیار ہے علاوہ ازیں جب تک آپ اصرار کر کے لوگوں کو اُٹھاتے رہے اس وقت تک چھت اپنی جگہ پر قائم رہی اور جب تک آپ نہ نکل گئے تب تک بھی نہ گری مگر جونہی کہ آپ نے پاؤں اُٹھایا چھت زمین پر آ گری یہ امر ثابت کرتا ہے کہ یہ بات کوئی اتفاقی بات نہ تھی بلکہ اس مکان کو حفیظ ہستی اس وقت تک روکے رہی جب تک کہ حضرت مسیح موعود جن کی حفاظت اس حفیظ کے مدنظر تھی اس مکان سے نہ نکل آئے۔ پس صفت حفیظ کا وجود ایک بالارادہ ہستی پر شاہد ہے اور اس کا ایک زندہ گواہ ہے۔

(ہستی باری تعالیٰ۔ انوارالعلوم جلد نمبر 6 صفحہ 324)

غیبی مدد

حضرت صاحب (حضرت مسیح موعود) ایک مرتبہ امرتسر سے آرہے تھے بٹالہ کے راستہ میں دھوپ تھی، سخت تکلیف تھی، یکہ میں بیٹھنے لگے (ریل نہیں تھی) تو ایک اور آدمی جو ہندو تھا وہ کود کر پہلے اندر جا بیٹھا اور اپنے موٹاپے سے تمام یکہ کو اندر سے روک لیا۔ اب حضرت صاحب کو دھوپ میں بیٹھنا پڑا۔ اللہ تعالیٰ نے فوراً ایک بادل بھیج دیا جو امرتسر سے لے کر بٹالہ تک برابر آپ کے سر پر سایہ کرتا آیا۔

(الفضل 17 جون 1914ء)

کرتہ پر سرخ چھینٹے پڑنے کا معجزہ

ایک دفعہ آپ نے رؤیا میں دیکھا کہ میں خدا کے سامنے کچھ کاغذات لے کر گیا ہوں اور ان کو خدا کے سامنے پیش کیا ہے۔ خدا نے ان پر دستخط کرتے وقت قلم چھڑکا ہے اور اس کے قطرے میرے کپڑوں پر پڑے ہیں۔ حضرت صاحب کو جب یہ کشف ہؤا اس وقت مولوی عبداللہ صاحب سنوری آپ کے پاؤں دبا رہے تھے۔ دباتے دباتے انہوں نے دیکھا کہ حضرت صاحب کے ٹخنے پر سرخ رنگ کا چھینٹا پڑا ہے جب اس کو ہاتھ لگایا تو وہ گیلا تھا جس سے وہ حیران ہوئے کہ یہ کیا ہے؟ میں نے ان سے سوال کیا تھا کہ کیا آپ کو خیال نہ آیا کہ یہ چھینٹے غیر معمولی نہ تھے بلکہ کسی ظاہری سبب کے باعث تھے انہوں نے کہا مجھے اس وقت خیال آیا تھا اور میں نے ادھر ادھر اور چھت کی طرف دیکھا تھا کہ شاید چھپکلی کی دم کٹ گئی ہو اور اس میں سے خون گرا ہو مگر چھت بالکل صاف تھی اور ایسی کوئی علامت نہ تھی جس سے چھینٹوں کو کسی اور سبب کی طرف منسوب کیا جا سکتا۔ اس لئے جب حضرت صاحب اٹھے تو اس کے متعلق میں نے آپ سے پوچھا۔ آپ نے پہلے تو ٹالنا چاہا لیکن پھر ساری حقیقت سنائی۔

(تقدیر الٰہی۔ انوارالعلوم جلد چہارم صفحہ 510)

الہام کی تائید

موجودہ زمانہ میں بھی ہم دیکھتے ہیں کہ حضرت مسیح موعود کو سُرخی کے چھینٹوں والا کشف دکھایا گیا تو سُرخی کے چھینٹے نہ صرف آپ کی قمیص پر پائے گئے بلکہ ایک قطرہ میاں عبداللہ صاحب سنوری کی ٹوپی پر بھی آ گرا۔ اور اس طرح اللہ تعالیٰ نے اس نشان میں اُن کو بھی شریک کر لیا۔ اِسی طرح ایک دفعہ حضرت مسیح موعود کے زمانہ میں مجھے بتایا گیا کہ آج رات حضرت مسیح موعود پر یہ الہام نازل ہؤا ہے۔ کہ اِنِّی مَعَ الْاَفْوَاجِ (.)۔ صبح حضرت مسیح موعود نے اشاعت کے لئے اپنے الہامات لکھ کر دیئے تو اتفاقاً آپ کو یہ الہام لکھنا یاد نہ رہا۔ میں نے حضرت مسیح موعود سے کہا کہ مجھے تو آج رات ایک فرشتہ نے بتایا تھا کہ آپ کو یہ الہام ہوا ہے کہ اِنِّی مَعَ الْاَفْوَاجِ (.)۔ مگر آپ نے جو الہامات لکھے ہیں اُن میں اس کا کہیں ذکر نہیں۔ آپ نے فرمایا۔ ٹھیک ہے مجھے یہ الہام ہوا تھا مگر لکھنا یاد نہیں رہا۔ پھر آپ اندر سے اپنے الہامات کی کاپی اٹھا لائے اور مجھے فرمایا کہ دیکھو اس میں مَیں نے یہ الہام درج کیا ہوا ہے۔ اس کے بعد آپ نے اُس الہام کو بھی اخبار میں شائع کروا دیا۔ اب دیکھو ادھر ایک الہام حضرت مسیح موعود پر نازل ہوا ہے اور اُدھر اللہ تعالیٰ مجھے بھی بتا دیتا ہے کہ ان الفاظ میں آپ پر الہام نازل ہوا ہے اور صبح معلوم ہوتا ہے کہ بات بالکل درست تھی۔

(تفسیر کبیر جلد ہفتم صفحہ 116-115)

آگ سے ہمیں مت ڈراؤ

حضرت مصلح موعود فرماتے ہیں:۔

مجھے یاد ہے 1903ء میں جب ایک شخص عبدالغفور نے جو اسلام سے مرتد ہو کر آریہ ہو گیا تھا اور اس نے اپنا نام دھرم پال رکھ لیا تھا ''ترک اسلام'' نامی کتاب لکھی۔ تو حضرت خلیفہ اوّل نے اس کا جواب لکھا۔ جو ''نورالدین'' کے نام سے شائع ہوا۔ یہ کتاب روزانہ حضرت مسیح موعود کو سنائی جاتی تھی۔ جب دھرم پال کا یہ اعتراض آیا کہ اگر حضرت ابراہیم علیہ السلام کے لئے آگ ٹھنڈی ہوئی تھی تو دوسروں کے لئے کیوں نہیں ہوتی اور اس پر حضرت خلیفہ اوّل کا یہ جواب سنایا گیا کہ اس جگہ ''نار'' سے ظاہری آگ مراد نہیں بلکہ مخالفت کی آگ مراد ہے تو حضرت مسیح موعود نے فرمایا کہ اس تاویل کی کیا ضرورت ہے۔ مجھے بھی خدا تعالیٰ نے ...... کہا ہے اگر لوگوں کی سمجھ میں یہ بات نہیں آتی کہ آگ کس طرح ٹھنڈی ہوئی تو وہ مجھے آگ میں ڈال کر دیکھ لیں کہ آیا میں اس آگ میں سے سلامتی کے ساتھ نکل آتا ہوں یا نہیں۔

حضرت مسیح موعود کے اس ارشاد کی وجہ سے حضرت خلیفہ اول نے اپنی کتاب ''نورالدین'' میں یہی جواب لکھا اور تحریر فرمایا کہ:

''تم ہمارے امام کو آگ میں ڈال کر دیکھ لو۔ یقیناً خدا تعالیٰ اپنے وعدہ کے مطابق اسے اس آگ سے اسی طرح محفوظ رکھے گا۔''

(تفسیر کبیر جلد ہفتم ص614)

ترک سفیر کو نصائح

جب بانی سلسلہ احمدیہ حضرت مسیح موعود زندہ تھے ایک ترکی سفیر یہاں آیا۔ ترکی حکومت کو مضبوط بنانے کے لئے اس نے مسلمانوں سے بہت سا چندہ لیا اور جب اس نے جماعت احمدیہ کا ذکر سُنا تو قادیان بھی آیا۔ حسین کامی اس کا نام تھا حضرت مسیح موعود سے اس کی گفتگو ہوئی اس کا خیال تھا کہ مجھے یہاں سے زیادہ مدد ملے گی حضرت مسیح موعود نے اس کا وہ احترام کیا جو ایک مہمان کا کرنا چاہیے پھر کچھ مذہبی گفتگو بھی ہو گئی حضرت مسیح موعود نے اسے کچھ نصائح کیں کہ دیانت و امانت پر قائم رہنا چاہئے لوگوں پر ظلم نہیں کرنا چاہئے اور فرمایا کہ رومی سلطنت ایسے ہی لوگوں کی شامتِ

اعمال سے خطرہ میں ہے کیونکہ وہ لوگ جو سلطنت کی اہم خدمات پر مامور ہیں اپنی خدمات کو دیانت سے ادا نہیں کرتے اور سلطنت کے سچے خیر خواہ نہیں بلکہ اپنی طرح طرح کی خیانتوں سے اس اسلامی سلطنت کو کمزور کرنا چاہتے ہیں اور آپ نے یہ بھی فرمایا کہ سلطانِ روم کی سلطنت کی اچھی حالت نہیں ہے اور میں کشفی طریق سے اس کے ارکان کی حالت اچھی نہیں دیکھتا اور میرے نزدیک ان حالتوں کے ساتھ انجام اچھا نہیں ۔ اور ترکی گورنمنٹ کے شیرازہ میں ایسے دھاگے ہیں جو وقت پر ٹوٹنے والے اور غداری سرشت ظاہر کرنے والے ہیں۔ حضرت مسیح موعود نے جب یہ نصیحتیں کیں تو اس سفیر کو بہت بُری لگیں۔ کیونکہ وہ تو اس خیال کے ماتحت آیا تھا کہ میں سفیر ہوں اور یہ لوگ میرے ہاتھ چومیں گے اور میری کسی بات کا انکار نہیں کریں گے۔ حضرت مسیح موعود نے جب اس سے یہ کڑوی کڑوی باتیں کیں کہ تم حکومت سے بڑی بڑی تنخواہیں وصول کر کے اس کی غداری کرتے ہو تمہیں تقویٰ وطہارت سے کام لے کر اسلامی حکومت کو مضبوط کرنا چاہئیے تو وہ یہاں سے بڑے غصّہ میں گیا۔

(روزنامہ الفضل 3 ستمبر 1935ء)

مخالفت بھی ہدایت کا موجب ہو جاتی ہے

جب مخالفت ترقی کرتی ہے تو جماعت کو بھی ترقی حاصل ہوتی ہے اور جب مخالفت بڑھتی ہے تو اللہ تعالیٰ کی معجزانہ تائیدات اور نصرتیں بھی بڑھ جاتی ہیں اسی لئے حضرت مسیح موعود کی خدمت میں جب کوئی دوست یہ ذکر کرتے کہ ہمارے ہاں بڑی مخالفت ہے تو آپ فرماتے یہ تمہاری ترقی کی علامت ہے۔ جہاں مخالفت ہوتی ہے وہاں جماعت بھی بڑھتی ہے کیونکہ مخالفت کے نتیجہ میں کئی ناواقف لوگوں کو بھی سلسلہ سے واقفیت ہو جاتی ہے اور پھر رفتہ رفتہ اُن کے دل میں سلسلہ کی کتابیں پڑھنے کا شوق پیدا ہو جاتا ہے اور جب وہ کتابیں پڑھتے ہیں تو صداقت اُن کے دلوں کو موہ لیتی ہے۔

حضرت مسیح موعود کی خدمت میں ایک دفعہ ایک دوست حاضر ہوئے اور انہوں نے آپ کی بیعت کی۔ بیعت لینے کے بعد حضرت مسیح موعود نے اُن سے دریافت فرمایا کہ آپ کو کس نے تبلیغ کی تھی وہ بے ساختہ کہنے لگے۔ مجھے تو مولوی ثناء اللہ صاحب نے تبلیغ کی ہے۔ حضرت مسیح موعود نے حیرت سے فرمایا وہ کس طرح؟ وہ کہنے لگے میں مولوی صاحب کا اخبار اور اُن کی کتابیں پڑھا کرتا تھا اور میں ہمیشہ دیکھتا کہ ان میں جماعت احمدیہ کی شدید مخالفت ہوتی تھی۔ ایک دن مجھے خیال آیا کہ میں خود بھی تو اس سلسلہ کی کتابیں دیکھوں کہ ان میں کیا لکھا ہے اور جب میں نے ان کتابوں کو پڑھنا شروع کیا تو میرا سینہ کھل گیا اور میں بیعت کے لئے تیار ہو گیا۔ تو مخالفت کا پہلا فائدہ

باقی صفحہ 6 پر

انگریزی سے ترجمہ: احمد مستنصر قمر صاحب

ہائیڈروپانک (Hydroponic) جدید طریقہ زراعت

فصلوں کی پیداوار میں اضافہ اور کئی انقلابی تبدیلیاں لانے والی تکنیک

ذرا تصور کریں کہ اگر آپ سارا سال ہر قسم کی فصلیں اگا سکتے ہوں۔ اور وہ بھی بہت چھوٹی جگہوں پر۔ جیسے ایک کمرے کے اندر۔ اور پیداوار بھی حیران کن۔ ایک کھلی جگہ کی بجائے اتنی ہی ایک کمرہ نما جگہ کے اندر 20 گنا زیادہ پیداوار! پھر سب سے بڑی بات یہ کہ یہ سب کچھ مٹی اور زمین کا استعمال کئے بغیر۔ اور موسم بدلنے اور خراب ہونے کی پریشانی سے بھی نجات۔ نیز بغیر کیڑے مار ادویات کا سپرے کئے فصلیں کیڑوں اور جراثیم سے بھی محفوظ۔ یہ سب کچھ اب ممکن ہے۔ اور وہ ہے ''ہائیڈرو پانکس'' کی بدولت۔ ''ہائیڈرو پانکس'' ایک خاص قسم کے گرین ہاؤس (عموماً شیشے سے بنی ہوئی ایک کمرہ نما جگہ جہاں پودوں کی ضرورت کے مطابق ماحول اور درجہ حرارت مہیا کیا جاتا ہے۔) کے اندر مٹی اور زمین کا استعمال کئے بغیر پودوں اور فصلوں کی کاشت کا نام ہے۔

''ہائیڈروپانکس'' کا لفظ یونانی زبان سے نکلا ہے۔ جس میں ''ہائیڈرو'' کا مطلب ہے 'پانی' اور 'پونوس' کا مطلب ہے 'پانی میں محنت کرنا'۔

''ہائیڈروپانکس'' کا لفظ پہلے پہل 1930ء میں منظر عام پر آیا۔ وسیع تر مفہوم کے لحاظ سے ''ہائیڈرو پانکس'' سے مراد ایک ایسی جگہ پر پودوں کا اگانا ہے جہاں مٹی اور زمین کا استعمال نہ کیا گیا ہو۔ دوسرے لفظوں میں 'ہائیڈروپانکس' عام طریقہٴ کاشت یعنی مٹی میں بیج بونے کے برعکس ایک طریقہ ہے۔ یا یوں کہہ لیں کہ اس کا متبادل ہے۔ اس تکنیک کا لب لباب یہ ہے کہ اس میں پودے کی نشوونما کے لئے مٹی استعمال کئے بغیر پانی اور چند مخصوص غذائی اجزاء سے تیار کردہ ایک طاقتور محلول (جو پودے کی غذائی ضرورت کے عین مطابق ہوتا ہے) میں رکھ کر پودے کو نشوونما دی جاتی ہے۔ جب پودے کو ہر وہ چیز میسر آ جائے جو اسے بڑھوتی کے لئے چاہئے اور پھر وہ عین اس وقت پر میسر آ جائے جب اس کی ضرورت ہو اور اجزاء کا توازن بھی صحیح ہو تو ظاہر ہے کہ پودا عام حالات کی نسبت زیادہ متوازن طریق پر، مضبوطی اور تیزی کے ساتھ پروان چڑھے گا۔ عمدہ ذائقے کا حامل ہوگا اور زیادہ عرصہ تک محفوظ کئے جانے کی صلاحیت کے ساتھ ساتھ زیادہ غذائیت والا بھی ہوگا۔ اور روایتی طریق پر کاشت کردہ پودوں، فصلوں، پھولوں اور سبزیوں کی نسبت ہر لحاظ سے بہتر ہوگا۔

''ہائیڈروپانکس'' کے اصول پر ہر وہ چیز کاشت کی جاسکتی ہے جو روایتی طریقہٴ زراعت میں مٹی میں بوئی جاتی ہے۔ دیکھنا صرف یہ ہے کہ پودے کو مہیا کئے جانے والا کیمیائی محلول ٹھیک وقت پر مہیا ہو۔ اتنی مقدار میں مہیا ہو جو پودے کی غذائی ضرورت کے عین مطابق ہو نیز سیدھا جڑوں میں سرایت کرے۔ دنیا کے مختلف حصوں میں یہ بات ثابت ہو گئی ہے کہ ''ہائیڈروپانکس'' کے ذریعے کاشت کئے جانے والے پودے یا فصلیں روایتی طریق پر کاشت کئے جانے واے پودوں یا فصلوں کے مقابلے میں کئی گنا بہتر پیداوار دیتے ہیں۔

''ہائیڈروپانکس'' سسٹم کی چند خصوصیات نہایت دلچسپ اور اہمیت کی حامل ہیں۔ مثلاً یہ کہ

1۔ اس سسٹم کے تحت کاشت کی جانے والی فصلیں روایتی طریقے پر مٹی میں بوئی جانے والی فصلوں کے مقابلے میں فی مربع میٹر پیداوار کے حساب سے کہیں زیادہ پیداوار کی حامل ہیں۔

2۔ اس میں عام طریق کے مقابلے میں پانی تیس گنا کم استعمال ہوتا ہے۔

3۔ ''ہائیڈروپانک'' سسٹم میں چونکہ ایک خاص وزن کی مقدار میں خوراک اور درجہٴ حرارت دے کر فصل حاصل کی جاتی ہے۔ اس لئے ہر قسم کی فصل ہر قسم کے علاقے میں کاشت ہو سکتی ہے۔ اصل چیز غذائی محلول ہے کہ وہ درست ہو اور فصل کی ضرورت کے مطابق درجہٴ حرارت مہیا کر دیا جائے۔

4۔ اس سسٹم میں زمین کے غذائی اجزاء کو برقرار رکھنے کی غرض سے یکے بعد دیگرے مختلف قسم کی فصلیں کاشت کرنے کی ضرورت نہیں رہتی۔ کیونکہ مٹی اور زمین کا استعمال نہ ہونے کے باعث مٹی کے غذائی اجزاء میں کمی کا مسئلہ ہی سرے سے ختم ہو جاتا ہے۔

5۔ موسم یا آب و ہوا کی تبدیلی کی بحث ہی نہیں اٹھتی۔ کیونکہ اس سسٹم میں پودے گرین ہاؤس میں `Indoor` اگائے جاتے ہیں۔

6۔ ''ہائیڈروپانک'' طریقہٴ زراعت میں ایک فصل سارا سال کاشت کی جاسکتی ہے۔

7۔ مخصوص مہیا کردہ حالات میں فصلوں میں خود رو جڑی بوٹیوں کے پیدا ہونے کا خطرہ نہیں رہتا۔ نہ ہی جراثیم اور کیڑے مکوڑوں کا۔

8۔ مصنوعی روشنی کے ذریعے مخصوص درجہٴ حرارت مہیا کرنے کی تکنیک سے ان علاقوں میں بھی پودے اور فصلیں کاشت کئے جاسکتے ہیں جہاں روشنی کی کمی ہوتی ہے۔

9۔ ''ہائیڈرو پانکس'' کے اصول پر عمل کرتے ہوئے مستقبل قریب میں کم ترقی یافتہ اور ترقی پذیر ممالک کم زمین اور وسائل کو استعمال کرتے ہوئے زیادہ سے زیادہ آبادی کی غذائی ضروریات کو پورا کر سکیں گے۔ اور جراثیم کش ادویات کا استعمال نہ ہونے کے برابر رہ جائے گا اور پانی کی بھی بہت بچت ہوگی۔

10۔ اس سسٹم پر عمل کرتے ہوئے فضا بھی زیادہ صاف رکھی جاسکے گی۔ کیونکہ روایتی طریقہ میں جراثیم کش ادویات پانی اور فضا میں مل کر کئی مسائل پیدا کرتی ہیں۔

بہت سارے ترقی پذیر ممالک اپنی اقتصادی اور صنعتی ترقی کے لئے زراعت پر انحصار کرتے ہیں۔ چونکہ ان میں سے اکثر ممالک کی اقتصادیات کے لئے زراعت ریڑھ کی ہڈی کی حیثیت رکھتی ہے اس لئے زرعی پیداوار میں کمی بیشی، قیمتوں میں اتار چڑھاؤ اور کاروباری حالات ان ملکوں کی اقتصادیات پر غیر معمولی طور پر اثر انداز ہوتے ہیں۔ صنعتی ترقی کی طرف بڑھتے ہوئے رجحان کے باوجود ترقی پذیر ممالک کا زیادہ انحصار زراعت پر ہی رہے گا۔ اور جدید مشینری رفتہ رفتہ روایتی طریقہ زراعت کی جگہ لے لے گی۔ یوں یہ مشینری ترقی پذیر ممالک کو جدید آلات سے استفادہ کرتے ہوئے زیادہ سے زیادہ خوراک پیدا کرنے کا موقع فراہم کرے گی۔ یہی وجہ ہے کہ اس وقت ترقی پذیر ممالک میں زرعی شعبے کی توجہ زیادہ سے زیادہ خوراک پیدا کرنے، بہتر روزگار کے مواقع تلاش کرنے، زرمبادلہ کمانے، سرمایہ محفوظ کرنے اور مشینوں سے زیادہ سے زیادہ استفادہ کرنے کی طرف ہے۔

ہم نے یورپی مماک میں خصوصاً ہالینڈ میں زرعی پیداوار کی کثرت کے بارے میں سنا ہے۔ اور انہی تکنیکوں کو استعمال کرنے کے بارے میں مشرق وسطیٰ سے متعلق بھی سنا ہے جہاں ''ہائیڈروپانکس'' کے اصول پر صحرا کی شدید آب وہوا میں، مٹی کی کم صلاحیت اور پانی کی کمی کے باوجود اچھی پیداوار حاصل کرنے کی کوشش کی گئی ہے۔

یہ بات بھی یاد رکھنے کے قابل ہے کہ ''ہائیڈروپانکس'' عوام کی سطح پر صارف کے نقطۂ نظر سے بھی بین الاقوامی طور پر کافی شہرت حاصل کر چکا

ہے۔ گزشتہ چار سال سے ہالینڈ میں ''ہائیڈرو پانکس'' روزمرہ زندگی کا حصہ بن چکا ہے۔ نسلاً بعد نسلٍ ''ہائیڈرو پانکس'' کے اصول پر اگائے جانے والے پھول ہالینڈ کی برآمدات میں سے ایک نہایت اہم فصل کے طور پر شمار کئے جاسکتے ہیں۔ ہالینڈ کے اپنے بعض مخصوص زرعی مسائل ہیں۔ جنہیں ''ہائیڈرو پانک'' طریقہ زراعت کی مدد سے نہایت عمدگی سے حل کیا گیا ہے۔ دراصل سینکڑوں سال سے معروف روایتی طریقۂ زراعت جس میں پھولوں، سبزیوں اور پھلوں وغیرہ کو کاشت کیا جاتا ہے، کی وجہ سے زمین میں کئی قسم کی نباتاتی بیماریاں پیدا ہوگئی ہیں۔ لمبی، اندھیری، ٹھنڈی اور نم آلود سردی کا موسم ہالینڈ میں کسانوں کو مجبور کردیتا ہے کہ وہ جدید ترین تحقیق سے فائدہ اٹھاتے ہوئے جدید ''گرین ہاوزز'' (Greenhouses) میں مصنوعی روشنی اور حرارت کا سہارا لیتے ہوئے کاشتکاری کریں۔ یوں کاشتکاری کے لئے وقت بھی کئی گنا زیادہ مل جاتا ہے۔ اور تقریباً سارا سال ہی یہ عمل جاری رہتا ہے۔

جدید ترین کمپیوٹرائزڈ زرعی تکنیک اور آلات کی مدد سے فصلوں کی پیداوار کے لحاظ سے ہالینڈ کے کسان آج دنیا بھر میں تکنیکی اور پیداواری لحاظ سے اول نمبر پر ہیں۔ وہاں جدید زرعی تکنیک پر مبنی زرعی آلات کے حصول کے لئے کثیر سرمایہ خرچ کیا جا رہا ہے۔ اور ''ہائیڈرو پانکس'' پر پہلے سے بڑھ کر خرچ کرنا اس لحاظ سے بہت فائدہ مند ثابت ہوا ہے کہ فصلوں کی بڑھوتی کی رفتار، حاصل شدہ جنس کی مقدار اور معیار پر نمایاں اثر پڑا ہے اور بہتری آئی ہے۔ ہالینڈ ایک چھوٹا سا ملک ہے لیکن اس کے باوجود پھولوں کی پیداوار اور برآمدات میں تمام دنیا سے آگے ہے۔ ان کامیابیوں میں سے بیشتر کا سہرا ''ہائیڈرو پانکس'' کے اصول پر مبنی زراعت کے سر ہے۔ جدید ذرائع کو اپنانے کے باعث وہاں کے کسان ہمیشہ مقابلے کی فضا میں رہتے ہیں اور ایک دوسرے سے آگے سے آگے بڑھنے کی جستجو میں رہتے ہیں۔ اور عام آدمی اور صارف کے نقطۂ نظر سے زرعی پیداوار کے اہداف کو اپنا مقصد بنا کر کام کرتے ہیں۔ ان کی ترقی کا راز جدید ترین تکنیک کو استعمال کرتے ہوئے بہترین سے بہترین چیز کا پیدا کرنا ہے۔ البتہ خام مال کے مہنگا ہونے، مزدوروں کی تنخواہیں زیادہ ہونے اور سردیوں کے موسم میں ایندھن کی غیر معمولی طور پر بڑھتی ہوئی ضرورت کے باعث بعض مشکلات کا سامنا بھی کرنا پڑتا ہے۔ اس کے باوجود تکنیکی میدان میں وہ نہایت سرعت کے ساتھ جدید ترین طریق ہائے زراعت کو اپنانے کے لئے ہمیشہ تیار رہتے ہیں۔ انہوں نے چھوٹے پیمانے پر ایک مخصوص علاقے میں کسانوں کے ایک مخصوص گروپ کی طرف سے ایک ہی فصل پیدا کرنے کا منصوبہ بھی بنا رکھا ہے۔ اس طرح وہ ایک دوسرے کے ''گرین ہاوزز'' (Greenhouses) کا دورہ کر کے تکنیک کو مزید بہتر بنانے اور مسائل کم کرنے کی کوشش بھی کرتے ہیں۔ یہ بات جہاں انفرادی طور پر کسان کو بہتر فصل حاصل کرنے میں مدد دیتی ہے وہاں قومی طور پر وہ ایک مضبوط برآمد کنندہ ملک کے طور پر ابھر کر سامنے آئے ہیں۔

امریکہ میں بھی کسان اب بڑے پیمانے پر ''ہائیڈرو پانکس'' طریقہ زراعت کو اپنا رہے ہیں۔ بڑے بڑے فارم اور کمپنیاں اس تکنیک سے خوب منافع کما رہی ہیں۔ اور ٹیکساس، ایریزونا، کولوراڈو اور یُوٹا کے علاقوں نیز کینیڈا اور میکسیکو میں بھی اس طریق پر بہت بہتر زرعی پیداوار حاصل کی جا رہی ہے۔ اس سلسلے میں اب تک قائم ہونے والی صنعت امریکہ میں ''ہائیڈرو پانکس'' کے لئے نہایت خوش آئند ثابت ہوسکتی ہے۔ جیسا کہ ذکر کیا جاچکا ہے۔

ہائیڈرو پانکس کی تکنیک بعض روایتی مسائل جیسے پانی کی کمی، پیداواری غذائی خواص کے لحاظ سے مٹی کا میسر نہ آنا، کاشت کے موسم کا چھوٹا ہونا، بہت زیادہ گرمی یا سردی اور کم روشنی سے نمٹنے کے لئے استعمال کی جاتی ہے۔ پاکستان کا تقریباً ایک لاکھ اسی ہزار مربع کلومیٹر علاقہ آبپاشی کی سہولت حاصل کرتا ہے۔ اور تقریباً 28 فیصد قابل کاشت ہے۔ پاکستان کو اپنے اچھے موسم کے سبب ''ہائیڈرو پانکس'' کی تکنیک سے فائدہ اٹھانے سے کئی فوائد حاصل ہو سکتے ہیں۔ اور سردی کے موسم میں کاشتکاری خوب کی جاسکتی ہے۔ جس کا نتیجہ سارا سال ہی کاشتکاری کی صورت میں نکل سکتا ہے۔ اور فصل سارا سال ہی مہیا ہوسکتی ہے۔ جہاں تک لیبر (Labour) کا مسئلہ ہے تو وہ تو آسانی سے مہیا ہے۔ کاروباری حالات کے لحاظ سے دیکھا جائے تو جغرافیائی لحاظ سے پاکستان نہایت اہمیت کے حامل خطے میں واقع ہے۔ جہاں ایک طرف مشرق وسطیٰ اور ممالک یورپ قریب ہی واقع ہیں۔ اور دوسری طرف مشرق بعید۔

''ہائیڈرو پانکس'' کی ٹیکنالوجی زراعت کے حالات میں نہایت تیزی کے ساتھ تبدیلی لا رہی ہے۔ اور پاکستان میں ایک کمپنی ''بائیو بلٹز'' (Bioblitz) اس سلسلے میں جدید ترین ٹیکنالوجی کو بروئے کار لا رہی ہے۔ ''رَوات'' کے مقام پر آزمائشی گرین ہاؤس سارا سال کاشتکاری کے تجربے کے لحاظ سے بہترین ثابت ہونے کی امید ہے۔ وہاں یہ تجربہ ٹماٹر کی فصل پر کیا جارہا ہے۔ اور امید کی جارہی ہے کہ تازہ بہ تازہ، کیڑے مکوڑوں سے پاک بہترین کوالٹی کی حامل ٹماٹر کی فصل سارا سال مہیا ہوسکے گی۔ اگر یہ تجربہ کامیاب ہوگیا تو بڑے سائز کے ''گرین ہاوزز'' (Green Houses) بنائے جائیں گے۔ تا آئندہ زیادہ اور صحت مند غذا مہیا ہوسکے۔

(مزید معلومات کے لئے ویب سائٹ www.bioblitz.biz

(روزنامہ ڈان ''سپلیمنٹ'' 28 اپریل 2006ء)

☆☆☆

سر ہم نے جھکایا

اندھیری رات میں اک نور آیا
زمانے کی پلٹ دی جس نے کایا
جہاں ہر بات پر ہوتا تھا جھگڑا
وہاں رہنا محبت سے سکھایا
اندھیری رات کے فتنوں سے جلدی
خدا نے نوع انساں کو بچایا
وہ کیسا دور تھا زریں پیارا
مگر دنیا نے اب اس کو بھلایا
ہے انساں بن گیا اب پھر درندہ
زمانہ عود کر ویسا ہی آیا
بلاتا ہے جو قرآں کی طرف اب
زمانے کو کبھی اچھا نہ بھایا
عدو نے گالیاں دے کر ستایا
خدا نے نعمتیں دے کر رجھایا
عدو کا ظلم جب حد سے بڑھا تو
خدا کے در پہ سر ہم نے جھکایا
خدا فریاد سنتا ہے ہماری
اسی نے معجزہ ہر پل دکھایا
ترا کیسے کروں میں شکر یا رب
دیئے بے انت تو نے ہیں عطایا
خدا نے نعمتیں دینے کی خاطر
بوقت نیم شب مجھ کو جگایا
دعائے نیم شب میں جب بھی رویا
خدا نے گود میں اپنی بٹھایا
نہاں جب ہو گئے یار نہاں میں
خدا نے ہم کو ہر شر سے بچایا
کسی مظلوم کی آہ و بکا نے
نہ جانے عرش کا پایہ ہلایا
خداوندا رہے الدار محفوظ
ترا وعدہ ہے اے رب البرایا
بھٹکتا ہی رہے گا اس جہاں میں
وہ جس نے خون ناحق ہے بہایا
نہیں ملتا سکوں اس کو کبھی بھی
ہو جس نے قوم صادقؔ کو ستایا

ڈاکٹر محمد صادق جنجوعہ

(بقیہ صفحہ 5)

یہ ہوتا ہے کہ اس سے الٰہی سلسلہ کو ترقی حاصل ہوتی ہے اور کئی لوگوں کو ہدایت میسر آجاتی ہے۔ پھر دوسرا فائدہ یہ ہوتا ہے کہ اللہ تعالیٰ کی معجزانہ تائید اور نصرت کے نشانات ظاہر ہونے لگ جاتے ہیں۔

(تفسیر کبیر جلد ششم صفحہ 487)

حضرت مسیح موعود کے زمانہ میں ایک بڑے ادیب جو محاورات اردو کی کتاب بھی چالیس جلدوں میں شائع کرنے کا ارادہ رکھتے تھے اور جس کا کچھ حصہ نواب صاحب رامپور نے شائع بھی کرایا تھا، قادیان حضرت مسیح موعود کی بیعت کرنے آئے۔ حضرت مسیح موعود نے ان سے دریافت کیا کہ آپ کو سلسلہ کی تبلیغ کس نے کی؟ انہوں نے کہا مولوی محمد حسین صاحب بٹالوی نے۔ بچپن کی وجہ سے مجھے اس جواب پر بڑی حیرت ہوئی اور جب حضرت مسیح موعود نے پوچھا کہ کس طرح؟ تو انہوں نے بتایا کہ میں نے جب مولوی محمد حسین صاحب کی تحریریں پڑھیں تو مجھے ان میں اس قدر غصہ اور دیوانگی نظر آئی کہ جب تک حقیقی خطرہ سامنے نہ ہو اس وقت تک وہ غصہ اور دیوانگی پیدا نہیں ہوسکتی۔ (خطبات محمود جلد 14 ص 71,70)

وصایا

ضروری نوٹ

مندرجہ ذیل وصایا مجلس کارپرداز کی منظوری سے قبل اس لئے شائع کی جارہی ہیں کہ اگر کسی شخص کو ان وصایا میں سے کسی کے متعلق کسی جہت سے کوئی اعتراض ہو تو **دفتر بہشتی مقبرہ** کو پندرہ یوم کے اندر اندر تحریری طور پر ضروری تفصیل سے آگاہ فرمائیں۔

سیکرٹری مجلس کارپرداز۔ ربوہ

مسل نمبر 61478 میں ملک امتیاز الحق

ولد ملک انوارالحق قوم ککے زئی پیشہ ملازمت عمر 39 سال بیعت پیدائشی احمدی ساکن جرمنی بقائمی ہوش و حواس بلاجبر واکراہ آج بتاریخ 06-1-1 میں وصیت کرتا ہوں کہ میری وفات پر میری کل متروکہ جائیداد منقولہ و غیرمنقولہ کے 1/10 حصہ کی مالک صدر انجمن احمدیہ پاکستان ربوہ ہوگی۔اس وقت میری کل جائیداد منقولہ و غیرمنقولہ کی تفصیل حسب ذیل ہے جس کی موجودہ قیمت درج کر دی گئی ہے۔1۔4 مرلہ مکان واقع لاہور کینٹ مالیتی-/800000 روپے کا حصہ جس میں ہم چار بھائی دو بہنیں حصہ دار ہیں۔اس وقت مجھے مبلغ -/900 یورو ماہوار بصورت تنخواہ مل رہے ہیں۔میں تازیست اپنی ماہوار آمد کا جو بھی ہوگی 1/10 حصہ داخل صدر انجمن احمدیہ کرتا رہوں گا۔اور اگر اس کے بعد کوئی جائیداد یا آمد پیدا کروں تو اس کی اطلاع مجلس کارپرداز کو کرتا رہوں گا اور اس پر بھی وصیت حاوی ہوگی۔میری یہ وصیت تاریخ تحریر سے منظور فرمائی جاوے۔العبد ملک امتیاز الحق گواہ شد نمبر 1 محمد بلال اعوان ولد محمد اختر اعوان گواہ شد نمبر 2 محمد اختر اعوان ولد چوہدری عبدالستار مرحوم

مسل نمبر 61479 میں امتہ الجمیل

زوجہ محمد اختر اعوان قوم قریشی پیشہ خانہ داری عمر 50 سال بیعت پیدائشی احمدی ساکن جرمنی بقائمی ہوش و حواس بلاجبر واکراہ آج بتاریخ 06-1-1 میں وصیت کرتی ہوں کہ میری وفات پر میری کل متروکہ جائیداد منقولہ و غیر منقولہ کے 1/10 حصہ کی مالک صدر انجمن احمدیہ پاکستان ربوہ ہوگی۔اس وقت میری کل جائیداد منقولہ و غیرمنقولہ کی تفصیل حسب ذیل ہے جس کی موجودہ قیمت درج کر دی گئی ہے۔1۔طلائی زیور 122 گرام۔2۔حق مہر بذمہ خاوند-/3000 روپے۔اس وقت مجھے مبلغ -/80 یورو ماہوار بصورت جیب خرچ مل رہے ہیں۔میں تازیست اپنی ماہوار آمد کا جو بھی ہوگی 1/10 حصہ داخل صدر انجمن احمدیہ کرتی رہوں گی۔اور اگر اس کے بعد کوئی جائیداد یا آمد پیدا کروں تو اس کی اطلاع مجلس کارپرداز کو کرتی رہوں گی اور اس پر بھی وصیت حاوی ہوگی۔میری یہ وصیت تاریخ تحریر سے منظور فرمائی جاوے۔الامتہ امتہ الجمیل گواہ شد نمبر 1 محمد اختر اعوان خاوند موصیہ گواہ شد نمبر 2 محمد بلال اعوان ولد محمد اختر اعوان

مسل نمبر 61480 میں شیخ خالد محمود

ولد شیخ محمد عظیم قوم شیخ پیشہ ملازمت عمر 53 سال بیعت پیدائشی احمدی ساکن جرمنی بقائمی ہوش و حواس بلاجبر واکراہ آج بتاریخ 05-11-27 میں وصیت کرتا ہوں کہ میری وفات پر میری کل متروکہ جائیداد منقولہ و غیر منقولہ کے 1/10 حصہ کی مالک صدر انجمن احمدیہ پاکستان ربوہ ہوگی۔اس وقت میری کل جائیداد منقولہ و غیرمنقولہ کوئی نہیں ہے۔اس وقت مجھے مبلغ-/1500 یورو ماہوار بصورت ملازمت مل رہے ہیں۔میں تازیست اپنی ماہوار آمد کا جو بھی ہوگی 1/10 حصہ داخل صدر انجمن احمدیہ کرتا رہوں گا۔اور اگر اس کے بعد کوئی جائیداد یا آمد پیدا کروں تو اس کی اطلاع مجلس کارپرداز کو کرتا رہوں گا اور اس پر بھی وصیت حاوی ہوگی۔میری یہ وصیت تاریخ تحریر سے منظور فرمائی جاوے۔العبد شیخ خالد محمود گواہ شد نمبر 1 اکرام اللہ چیمہ ولد چوہدری شرف دین چیمہ گواہ شد نمبر 2 مظفر احمد شمس ولد مولوی احسان الٰہی

مسل نمبر 61481 میں نصرت بلقیس

زوجہ قمر احمد قوم کھرل پیشہ خانہ داری عمر 51 سال بیعت پیدائشی احمدی ساکن جرمنی بقائمی ہوش و حواس بلاجبر و اکراہ آج بتاریخ 05-12-18 میں وصیت کرتی ہوں کہ میری وفات پر میری کل متروکہ جائیداد منقولہ و غیر منقولہ کے 1/10 حصہ کی مالک صدر انجمن احمدیہ پاکستان ربوہ ہوگی۔اس وقت میری کل جائیداد منقولہ و غیر منقولہ کی تفصیل حسب ذیل ہے جس کی موجودہ قیمت درج کر دی گئی ہے۔1۔طلائی زیور 285 گرام مالیتی -/3420 یورو۔2۔حق مہر -/2500 روپے۔اس وقت مجھے مبلغ-/80 یورو ماہوار بصورت جیب خرچ مل رہے ہیں۔میں تازیست اپنی ماہوار آمد کا جو بھی ہوگی 1/10 حصہ داخل صدر انجمن احمدیہ کرتی رہوں گی۔اور اگر اس کے بعد کوئی جائیداد یا آمد پیدا کروں تو اس کی اطلاع مجلس کارپرداز کو کرتی رہوں گی اور اس پر بھی وصیت حاوی ہوگی۔میری یہ وصیت تاریخ تحریر سے منظور فرمائی جاوے۔الامتہ نصرت بلقیس گواہ شد نمبر 1 قمر احمد خاوند موصیہ گواہ شد نمبر 2 رائے عبدالجلیل ولد قمر احمد

مسل نمبر 61482 میں رضیہ ثمینہ شاد

زوجہ داؤد احمد شائد قوم ککے زئی پیشہ خانہ داری عمر 43 سال بیعت پیدائشی احمدی ساکن جرمنی بقائمی ہوش و حواس بلاجبر واکراہ آج بتاریخ 05-10-16 میں وصیت کرتی ہوں کہ میری وفات پر میری کل متروکہ جائیداد منقولہ و غیرمنقولہ کے 1/10 حصہ کی مالک صدر انجمن احمدیہ پاکستان ربوہ ہوگی۔اس وقت میری کل جائیداد منقولہ و غیر منقولہ کی تفصیل حسب ذیل ہے جس کی موجودہ قیمت درج کر دی گئی ہے۔1۔طلائی زیور 22 تولے مالیتی اندازاً-/176000 روپے۔2۔حق مہر بذمہ خاوند -/70000 روپے۔اس وقت مجھے مبلغ -/80 یورو ماہوار بصورت جیب خرچ مل رہے ہیں۔میں تازیست اپنی ماہوار آمد کا جو بھی ہوگی 1/10 حصہ داخل صدر انجمن احمدیہ کرتی رہوں گی۔اور اگر اس کے بعد کوئی جائیداد یا آمد پیدا کروں تو اس کی اطلاع مجلس کارپرداز کو کرتی رہوں گی اور اس پر بھی وصیت حاوی ہوگی۔میری یہ وصیت تاریخ تحریر سے منظور فرمائی جاوے۔الامتہ رضیہ ثمینہ شاد گواہ شد نمبر 1 داؤد احمد شاد خاوند موصیہ گواہ شد نمبر 2 نصیر احمد ولد ناصر احمد

مسل نمبر 61483 میں سید عزیز احمد

ولد سید ولی محمد قوم سید پیشہ گھڑی ساز عمر 39 سال بیعت پیدائشی احمدی ساکن جرمنی بقائمی ہوش و حواس بلاجبر و اکراہ آج بتاریخ 05-11-11 میں وصیت کرتا ہوں کہ میری وفات پر میری کل متروکہ جائیداد منقولہ و غیر منقولہ کے 1/10 حصہ کی مالک صدر انجمن احمدیہ پاکستان ربوہ ہوگی۔اس وقت میری کل جائیداد منقولہ و غیر منقولہ کی تفصیل حسب ذیل ہے جس کی موجودہ قیمت درج کر دی گئی ہے۔1۔5 مرلہ مکان واقع دارالعلوم شرقی ربوہ اندازاً مالیتی -/700000 روپے۔2۔زرعی اراضی ساڑھے تین ایکڑ واقع مانانوالہ ضلع شیخوپورہ اندازاً مالیتی -/400000 روپے۔اس وقت مجھے مبلغ-/1400 یورو ماہوار بصورت ملازمت مل رہے ہیں۔میں تازیست اپنی ماہوار آمد کا جو بھی ہوگی 1/10 حصہ داخل صدر انجمن احمدیہ کرتا رہوں گا۔اور اگر اس کے بعد کوئی جائیداد یا آمد پیدا کروں تو اس کی اطلاع مجلس کارپرداز کو کرتا رہوں گا اور اس پر بھی وصیت حاوی ہوگی۔میری یہ وصیت تاریخ تحریر سے منظور فرمائی جاوے۔العبد سید عزیز احمد گواہ شد نمبر 1 اکرام اللہ چیمہ ولد چوہدری شرف دین چیمہ گواہ شد نمبر 2 فاروق حسن ولد محمد طفیل

مسل نمبر 61484 میں جمیلہ اختر سلیم

زوجہ عبدالماجد سلیم قوم جٹ پیشہ خانہ داری عمر 41 سال بیعت پیدائشی احمدی ساکن جرمنی بقائمی ہوش و حواس بلاجبر واکراہ آج بتاریخ 05-12-11 میں وصیت کرتی ہوں کہ میری وفات پر میری کل متروکہ جائیداد منقولہ و غیرمنقولہ کے 1/10 حصہ کی مالک صدر انجمن احمدیہ پاکستان ربوہ ہوگی۔اس وقت میری کل جائیداد منقولہ و غیرمنقولہ کی تفصیل حسب ذیل ہے جس کی موجودہ قیمت درج کر دی گئی ہے۔1۔زرعی اراضی 6 ر ایکڑ واقع کوٹ احمدیہ ضلع بدین اندازاً-/300000 روپے۔2۔طلائی زیور 15 تولے مالیتی -/1650 یورو۔3۔حق مہر ادا شدہ -/7000 روپے۔اس وقت مجھے مبلغ -/100 روپے ماہوار بصورت جیب خرچ مل رہے ہیں۔میں تازیست اپنی ماہوار آمد کا جو بھی ہوگی 1/10 حصہ داخل صدر انجمن احمدیہ کرتی رہوں گی۔اور اگر اس کے بعد کوئی جائیداد یا آمد پیدا کروں تو اس کی اطلاع مجلس کارپرداز کو کرتی رہوں گی اور اس پر بھی وصیت حاوی ہوگی۔میری یہ وصیت تاریخ تحریر سے منظور فرمائی جاوے۔الامتہ جمیلہ اختر سلیم گواہ شد نمبر 1 عبدالماجد سلیم خاوند موصیہ گواہ شد نمبر 2 عامر رشید ولد رشید احمد

مسل نمبر 61485 میں مبین احمد بلوچ

